# سینچری انشورنس کمپنی لمیٹڈ

لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر2، سرور شہید روڈ، کراچی ۔74200

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سینچری انشورنس کمپنی لمیٹڈ کا 29 واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل 28 اپریل 2015ء بوقت صبح 10:30 بجے بمقام آواری ٹاورز ہوٹل، فاطمہ جناح روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور**

1. سال مختتمہ 31 دسمبر 2014ء کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹ منٹس اور ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹوں کی وصولی، ان پر غور کرنا اور منظوری دینا۔
2. بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے سفارش کردہ %15 یعنی 10 روپے کے ہر شیئر پر 1.50 روپے فی شیئر کی شرح سے نقد حتمی منافع کا اعلان کرنا۔
3. آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

**خصوصی امور**

4. مندرجہ ذیل قراردادوں پر غور کرنا اور اگر درست سمجھی جائیں تو ترمیم یا بغیر ترمیم کے منظور کرنا:-

خصوصی قرارداد

a) قرار پایا کہ "کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 28 کے مندرجات کی تعمیل میں کمپنی کے موجودہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو اپ ڈیٹڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے نئے مسودے، جو اجلاس ہٰذا کے روبرو پیش کیا جارہا ہے اور جس پر کمپنی سیکریٹری کے مختصر دستخط برائے نشانی موجود ہیں، سے تبدیل کردیا جائے۔"

عمومی قرارداد

b) قرار پایا کہ "ایسوسی ایٹڈ کمپنیز کے ساتھ عمومی نوعیت کے امور میں انجام دی گئی کارروائی، جیسا کہ سال مختتمہ 31 دسمبر 2014 کے آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹ منٹس کے نوٹ نمبر 29 سے ظاہر ہے، اجلاس ہٰذا میں توثیق و منظور کی جائے۔"

c) قرار پایا کہ " کمپنی کے چیف ایگزیکٹو 31 دسمبر 2015 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ایسوسی ایٹڈ کمپنیز کے ساتھ عام کاروباری انداز میں انجام دی جانے والی تمام سودے کاریوں کو منظور کرنے کے مجاز بنائے جائیں اور یہ کہ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو اس بات کے بھی مجاز بنائے جائیں کہ وہ کوئی یا تمام ضروری کارروائیاں نیز دستاویزات/ انڈنچرز پر دستخط کریں/ عمل میں لائیں جو کہ اس ضمن میں کمپنی کی طرف سے درکار ہوں۔"

کمپنی کے نئے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا ڈرافٹ اور مندرجہ بالا معاملات میں نکات (a)4، (b)4 اور (c)4 سے متعلق کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 160 کے تحت اسٹیٹمنٹ، نوٹس ہٰذا کے ہمراہ اراکین کو ارسال کئے جارہے ہیں۔

حسب الحکم بورڈ
(منصور احمد)
کمپنی سیکریٹری

کراچی۔16 مارچ 2015ء

**نوٹس:**

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 22 اپریل 2015ء تا 28 اپریل 2015ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ 21 اپریل 2015ء کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر زرجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی کی جانب سے اس ضمن میں موصولہ باقاعدہ ٹرانسفرز، نقد حتمی منافع کی حقداری کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔
2. ایک رکن جو اپنے شیئرز سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں جمع کراچکا ہو وہ اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ کے ہمراہ اپنے شراکت دار کا ID نمبر اور CDC اکاؤنٹ نمبر/ سب اکاؤنٹ نمبر اجلاس میں شرکت کے وقت لازماً ہمراہ لائے۔
3. سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ کا حقدار ایک رکن اپنے بجائے کسی دوسرے رکن کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔
4. پراکسی فارمز کے مؤثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ وہ باقاعدہ پرشدہ/مکمل ہوں نیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع لیکسن اسکوائر، بلڈنگ نمبر 2 سرور شہید روڈ کراچی میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹہ قبل موصول ہوں۔
5. اراکین سے درخواست ہے کہ کمپنی کے شیئر زرجسٹرار کو اپنے پتوں میں کسی تبدیلی سے فوراً مطلع کریں۔
6. سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایات کی رو سے ڈیویڈنڈ وارنٹس پر شیئر ہولڈرز کے CNIC نمبر ز درج ہونا لازمی ہیں، لہٰذا شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے CNIC کی ایک نقل (اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی ہے تو) شیئر زرجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی کے پاس جمع کرائیں۔
7. SECP کے سرکلر نمبر 2008 SM/CDC(4)8 مورخہ 05 اپریل 2013 کی تعمیل کے ضمن میں کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کو مطلع کرنا چاہتی ہے کہ مذکورہ سرکلر کی شرائط کی رو سے، شیئر ہولڈرز چاہیں تو، اپنے کیش ڈیویڈنڈ، ڈیویڈنڈ وارنٹس کے ذریعے وصول کرنے کے بجائے براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹس میں وصول کرسکتے ہیں، جو شیئر ہولڈرز اس اختیار کو بروئے کار لانے کے متمنی ہوں وہ اپنا نام، فولیو نمبر، بینک اکاؤنٹ نمبر، ٹائٹل آف اکاؤنٹ اور بینک کے مکمل ڈاک کے پتے سے متعلق تفصیلات اپنی درخواست میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کراسکتے ہیں۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز اپنی درخواست اپنے بروکر (پارٹیسپنٹ)/ CDC کو براہ راست جمع کرواسکتے ہیں۔
8. 08 ستمبر 2014ء کے نوٹیفیکیشن SRO.787(1)/2014 کی تعمیل کے ضمن میں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے تمام لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ ای میل کے ذریعے اپنے شیئر ہولڈرز کو سالانہ اجلاس عام (AGM) کے نوٹس کے ہمراہ آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹ بھیجیں۔ ہم بخوشی اپنے اراکین کو جو مستقبل میں ای میل کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اور کمپنی کے AGM کے نوٹس حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں، یہ سہولت پیش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں اراکین سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.cicl.com.pk پر دستیاب اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر ای میل کے ذریعے اپنے عندیہ سے آگاہ کریں۔ براہ مہربانی اس بات کو یقینی بنائیں کہ ایسی ای میل وصول کرنے کیلئے آپ کے ای میل اکاؤنٹ میں کافی جگہ دستیاب ہو۔ مزید یہ کہ رکن کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی تبدیلی سے شیئر رجسٹرار کو بروقت آگاہ کرے۔
9. SECP کے سرکلر نمبر 19/2014 مورخہ 24 اکتوبر، 2014 میں دی گئی ہدایات کی رو سے SECP نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق نمبر 150 میں تبدیلیوں کی بابت تمام کمپنیز اپنے شیئر ہولڈرز کو مطلع کریں۔ لہٰذا ہم شیئر ہولڈرز کو واضح کرتے ہیں کہ:

بذریعہ فنانس ایکٹ 2014 حکومت پاکستان نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 میں مخصوص ترامیم کی ہیں جن کے تحت کمپنیوں کی جانب سے ادا شدہ ڈیویڈنڈ کی رقم پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کیلئے مختلف نرخ تجویز کئے گئے ہیں۔ یہ ٹیکس کے نرخ درج ذیل ہیں:

a) انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرنے والوں کے لئے: 10%

b) انکم ٹیکس ریٹرنز جمع نہ کرنے والوں کے لئے: 15%

اس امر کے لئے کہ کمپنی %15 کے بجائے %10 کی شرح سے نقد ڈیویڈنڈ کی رقم پر ٹیکس کٹوتی کرے، وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں، باوجود اس کے کہ وہ ریٹرن جمع کراتے ہوں، ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آئندہ اپنے نام ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کیلئے ATL میں اپنا اندراج کروائیں۔ کسی وضاحت/ مسئلے/ معلومات کیلئے انویسٹرز ہمارے شیئر زرجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

CDC اکاؤنٹس والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اپنے متعلقہ شرکت کنندگان کیساتھ اپ ڈیٹڈ نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کے حامل ہونے چاہئیں۔ جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک نقل کمپنی یا اس کے شیئر زرجسٹرار یعنی میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی کو ارسال کریں گے۔ شیئر ہولڈرز جب NTN یا NTN سرٹیفکیٹس، جیسی بھی صورت ہو، ارسال کریں، تو اپنی کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز بھی لازماً درج کریں۔

10. اراکین، ویڈیو کانفرس کی سہولت سے بھی مستفید ہوسکتے ہیں (اراکین کی جغرافیائی dispersal کو پیش نظر رکھتے ہوئے شہروں کے نام فراہم کئے جاسکتے ہیں)۔ اس ضمن میں برائے مہربانی درج ذیل کو پُر کریں اور سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے 10 یوم قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر جمع کرائیں۔

میں / ہم _____________ بابت _______________________بطور ممبر سینچری انشورنس کمپنی لمیٹڈ __________ آرڈنری شیئرز رکھتے ہوئے، بحوالہ رجسٹرڈ فولیو نمبر_____________ ویڈیو کانفرس کی سہولت برائے مقام_____________ کے حق میں ہوں/ ہیں۔

11. پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے ہمراہ منسلک ہے اور ممبران کو ارسال کیا جارہا ہے۔